CAREERINDIA

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**Malleshwaram, Bengaluru – 560 003**

**2024-25ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ-1**
**S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-1 : 2024-25**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ : **12-U** | **Subject Code : 12-U**

ಸಮಯ : 3 ಗಂಟೆ 15 ನಿಮಿಷಗಳು ] | [ Time : 3 Hours 15 Minutes

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **100** ] | [ Max. Marks : **100**

---

عام ہدایات :

1. اِس سوالی پرچہ جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. وہ علم ہے جس کے ذریعے شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم کی جاتے ہے۔

(A) علمِ عروض (B) علمِ فلکیات

(C) علمِ نجوم (D) علمِ کیمیات

2. رُباعی کا یہ مصرعہ ہم قافیہ ردیف سے آزاد رہتا ہے۔

(A) پہلا (B) دوسرا

(C) تیسرا (D) چوتھا

3. چال جیسے کڑی کمان کا تیر

دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی

اِس شعر میں استعمال ہوئی صنعت کا نام ہے۔

(A) صنعتِ تشبیہہ (B) صنعتِ تضّاد

(C) صنعتِ تلمیح (D) صنعتِ استعارہ

4. ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملے میں فعلِ ناقص یہ ہے۔

(A) جدّت (B) شہر

(C) ہے (D) ممبئی

5. ''شاہد نے ٹکٹ خریدہ اور بس میں سوار ہوا۔''

یہ جملہ کی مثال ہے۔

(A) سببی (B) وصلی

(C) تردیدی (D) استدراکی

www.careerindia.com

CAREERINDIA



.6 وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے۔

(A) جملۂ خبریہ (B) جملۂ فعلیہ

(C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ انشائیہ

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **4 x 1 = 4**

.7 حق : حقوق : : سر : .........

.8 جَلد : فوراً : : جِلد : .........

.9 شہرِ تمنا : خواہشوں کا شہر : : شہرِ نور : .........

.10 مہارت رکھنے والا : ماہر : : ہدایت کرنے والا : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **7 x 1 = 7**

.11 حضور ﷺ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟

.12 بدایوں کے مشہور زمیندار خاندان کا نام کیا ہے ؟

.13 ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتے تھے ؟

.14 مصنف نے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے کونسے جھوٹ کا سہارا لیا ؟

.15 حضور ﷺ نے ''مرنے'' سے متعلق کیا فرمایا ؟

.16 فراق گورکھپوری نے ''جگنو'' نظم کس عمر میں لکھی ؟

.17 بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں ؟

Turn over ]

www.careerindia.com

CAREERINDIA



**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

18. غلام اور خدام کے حسنِ سلوک کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

19. اماں کی شکل اور قد کے بارے میں لکھئے۔

20. نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟

21. تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے اور سقراط کو زہر کا پیالہ کیوں پینا پڑا ؟

22. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

23. حضور ﷺ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا ؟

24. ''جوشؔ ملیح آبادی'' کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا کس لئے محال ہے ؟

25. حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

26. ''سلیمان خمارؔ'' اپنی نظم ''سرحدوں کا جال'' میں کیا کہنا چاہتا ہے ؟

27. اعجازؔ احسنی نے اپنی رباعی میں سماج کی کس برائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :**

28. ''جو یہاں موجود ہے وہ اس پیغام کو اس تک پہنچا دے جو یہاں نہیں۔''

29. ''وہ ایک جاندار زبان ہے۔ اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے۔''

30. ''جاگنا نمبر 1، چھ بجے، جاگنا 2، دس بجے اور اس دوران لالہ جی آوازدیں تو............''

www.careerindia.com

CAREERINDIA



درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. مولانا ابوالکلام آزادؔ

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. فراقؔ گورکھپوری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

34. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

35. آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا
اس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم

ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے :

36. (i) لطف
(ii) خبر
(iii) صورت

www.careerindia.com

CAREERINDIA



37. مضمون کی تعریف کرتے ہوئے اس کے تین اہم جز لکھئے۔

38. صنعتِ تضاد یا صنعتِ طباق کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : **5 x 4 = 20**

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل "حمد" کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل "نعت" کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) آمد بہار (ii) سرحدوں کا جال

41. زعفران کے استعمال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

42. بحث کیجئے کہ "امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی۔"

یا

حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



43. درجِ ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

حضرت عمر بن عبدالعزیز بہت ہی نیک اور سادہ مزاج خلیفہ گزرے ہیں۔ ایک دن آپ کے یہاں ایک مہمان آیا۔ آپ چراغ کی روشنی میں لکھ رہے تھے۔ اتفاق سے چراغ میں تیل نہ رہا اور وہ تھوڑی دیر میں ٹمٹما کر گل ہونے لگا۔ مہمان بولے۔ آپ فکر نہ کریں، میں ابھی ٹھیک کر دیتا ہوں۔''مہمان سے خدمت لینا درست نہیں۔'' خلیفہ نے جواب دیا۔''

اچھا تو نوکر کو جگائے دیتا ہوں وہ اسے ٹھیک کر دیگا۔''مہمان نے عرض کیا۔نہیں اس غریب کو سونے دو۔ ابھی ابھی تو سویا ہے۔ خواہ مخواہ اسے تکلیف ہوگی یہ کہہ کر خلیفہ خود ہی اُٹھے اور چراغ میں تیل ڈال لائے۔ آخر آپ ہی نے تکلیف فرمائی مہمان نے کہا۔ کیا ہوا ؟ خلیفہ نے جواب دیا اُس میں تکلیف کی کیا بات تھی۔ جب میں تیل ڈالنے گیا تھا اُس وقت بھی عمر تھا اور اب واپس آیا ہوں تو بھی عمر ہوں۔

مہمان ان کا یہ جواب سُن کر لا جواب ہو گیا۔ دُنیا میں جتنے بھی عظیم انسان گذرے ہیں وہ سب اپنے ہاتھوں سے کام کرنے کو برا نہیں سمجھتے تھے۔ وہ خود بھی کام کرتے تھے اور دوسروں کو بھی کام کی ترغیب دیتے تھے۔ آخر کار خدا نے ہمیں ہاتھ کس لئے دئے ہیں ؟ کام کرنے کے لئے ہی دئے گئے ہیں۔

ہم اگر اپنے ہاتھوں سے کام کرنے میں شرم محسوس کریں تو یہ غلط ہوگا۔ جو اپنے ہاتھوں کام نہیں کرتے وہ ہمیشہ دوسروں کے محتاج رہتے ہیں۔

سوالات :

(i) حضرت عمر بن عبدالعزیز کا مزاج کیسا تھا ؟ ان کے پاس کون آیا ؟

(ii) اس عبارت سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟



www.careerindia.com

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

44. اپنے میر مدرس کے نام خط لکھئے جس میں اپنا دسویں جماعت کا مارکس کارڈ جاری کرنے کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کو ایک خط لکھو جس میں اپنے ہائی اسکول میں ہونے والے جسلہ میں شرکت کرنے کی دعوت دی گئی ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **1 x 5 = 5**

45. (i) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

یا

(ii) ماحول کی آلودگی

www.careerindia.com